# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : سیدہ حسن
کلاس 5 کے لئے



## ٹیچر کیلئے نوٹ

- یہ کہانی پانچویں جماعت کے بچوں کے لئے لکھی گئی ہے۔ اس کی ٹیچرز گائیڈ کے گیارہ سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ ٹیچر اپنی سہولت اور پانچویں کلاس کے بچوں کی صلاحیت دیکھ کر اس میں کمی یا زیادتی کر سکتی ہیں۔

## سیشن 1

10 منٹ
- ٹیچر آہستہ آہستہ سمجھا کر تاثرات کے ساتھ کہانی سنائیں۔ جو مشکل الفاظ آئے ہیں ان کا زبانی مطلب سمجھائیں۔

10 منٹ
- ٹیچر بچوں کو خوشی کے بارے میں بتائیں۔ ان کو بتائیں کہ کچھ چیزیں ان کو وقتی طور پر خوش کرتی ہیں اور کچھ چیزوں سے آپ کو مستقل خوشی ملتی ہے۔ اس کی مثالیں دیں۔ مثلاً اچھے کھانے۔ کپڑے۔ دعوت سب وقتی خوشیاں ہیں جبکہ اچھی صحت۔ تعلیم۔ اچھا ماحول مستقل خوشی دیتے ہیں۔
کتاب سے صحن کی تصویر دکھائیں۔ اس کے بعد ان کو صحن کے بارے میں بتائیں۔ صحن وہ جگہ ہے جہاں گھر کے تمام لوگ اکٹھا ہوتے ہیں۔ انہیں بتائیں شہروں میں صحن کی جگہ T.V lounge نے لے لی ہے۔

25 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ وہ کوپی کھول کر تاریخ لکھیں۔ کہانی کا نام لکھیں اور پانچ پانچ جملے لکھیں جن کی شروعات اس طرح کریں۔
میں خوش ہوتا / ہوتی ہوں جب ..............
ٹیچر بچوں کے کام کی اصلاح کریں اور 10 اچھے جملوں پر نشان لگا دیں۔

## سیشن 2

10 منٹ
- آج ٹیچر خوشی کے بارے میں دس بہترین جملے بچوں کے ناموں کے ساتھ پڑھ کر سنائیں۔ کمزور بچوں کے جملوں کی تھوڑی اصلاح کر کے سنائیں۔

30 منٹ
- تمام بچوں سے اس کہانی کا ایک ایک صفحہ پڑھوائیں۔ اس طرح 28 بچوں میں یہ کہانی دو دفعہ پڑھ لی جائے گی۔

## گھر کا کام

5 منٹ • بچے صحن کی رنگین تصویر بنائیں۔ ٹیچر ان کو بتائیں کہ صحن کے تصور کے ساتھ پیڑ لازمی ہیں۔ اس کے علاوہ صحن کے تصور کے ساتھ بچوں کے ذہن میں کوئی اور چیز بھی آئے تو وہ بھی اپنی تصویر میں بنائیں۔ ٹیچر یہ ساری ہدایات پوائنٹ کے ساتھ بورڈ پر لکھیں۔

## سیشن 3

10 منٹ • آج بچوں کو ہمسائے کے بارے میں بتائیں۔ اس سبق کے حوالے سے ان کو بتائیں کہ ہمسایہ ہماری زندگی کا بہت اہم حصہ ہے اور اس کی اہمیت رشتہ دار سے زیادہ ہے۔

35 منٹ • صفحہ 2 اور 3 کی تصویریں انہیں دکھائیں۔ ان سے پوچھیں کہ آپ کو ان گھروں میں کیا فرق لگا۔ بورڈ پر دو الگ الگ کالم بنائیں۔ بچے یہ کالم اپنی کوپیوں میں بنائیں۔ ایک کالم کا نام حسن کا گھر اور دوسرے کا اکبر کا گھر لکھیں۔ ٹیچر ان سے پوچھ کر پوائنٹ بورڈ پر لکھیں اور بچے کوپی میں لکھتے جائیں۔ بچوں کے لئے ہر کالم میں پانچ جملے کافی ہیں۔ ٹیچر اگر سمجھیں تو کسی خاص بات کے بارے میں اضافہ کر سکتی ہیں۔

## گھر کا کام

• بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے کسی ''ہمسائے دوست'' کے بارے میں آٹھ جملے لکھ کر لائیں۔ اگر ہمسائے میں کوئی دوست نہیں ہے تو اپنے کسی اور دوست کے بارے میں لکھیں۔

## سیشن 4

5 منٹ • کتاب کھلوا کر صفحہ 2 اور 3 کے مشکل الفاظ بچوں سے پوچھیں۔ اس میں دو الفاظ ''کفایت'' اور ''سلیقہ'' کا مطلب بتائیں۔ (کفایت کے معنی ہیں سمجھ داری سے بچت کے ساتھ خرچ کرنا اور سلیقہ کے معنی طریقے اور سمجھ داری کے ساتھ رہنا ہے)۔

5 منٹ • بچوں سے پوچھیں کہ ان صفحات میں کون سے الفاظ انگریزی کے ہیں۔ (بینک ۔ فیکٹری)

ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ اردو میں بے شمار ایسے لفظ ہیں جو دوسری زبانوں سے آئے ہیں۔

20 منٹ

- کلاس میں پانچ ایسے الفاظ لکھیں جو اردو میں استعمال ہوتے ہیں۔ مگر دراصل انگریزی کے ہیں۔ ان الفاظ کے آگے انگریزی میں وہی لفظ لکھوائیں۔

| اردو | انگریزی |
|---|---|
| ٹائم | time |
| پلیز | please |
| روڈ | road |
| کار | car |
| ٹرک | truck |

15 منٹ

- سلیقہ اور کفایت کے دو دو جملے کلاس میں بنوائیں۔

## سیشن 5

15 منٹ

- کتاب کھلوائیں اور کچھ بچوں سے صفحہ 3 پڑھوائیں۔ صفحہ 3 پر حسن ایک پیڑ کے نیچے بیٹھا کتاب پڑھ رہا ہے۔ یہ صفحہ بچوں کو دکھائیں۔ بچوں سے زبانی پوچھیں کہ درخت کے کیا کیا فائدے ہیں؟

30 منٹ

- ٹیچر مندرجہ ذیل معلومات پوائنٹ یا پیراگراف کی صورت میں بچوں کو بتا سکتی ہیں۔

اب ٹیچر بورڈ پر درخت کے فائدے لکھیں، بچے کوپی میں اتاریں۔

(1) درخت خوبصورتی بڑھاتے ہیں۔

(2) درخت سایہ دیتے ہیں۔

(3) درختوں سے ہمیں پھل، سبزی، خشک میوہ وغیرہ ملتے ہیں۔

(4) یہ ہوا کو صاف کرتے ہیں۔ کاربن ڈائی اوکسائیڈ کو اپنے اندر جذب کر لیتے ہیں۔

(5) پرندے اس پر گھونسلا بناتے ہیں۔

(6) بڑے درختوں کی جڑیں مٹی کو بہنے سے روکتی ہیں۔ اس طرح وہاں اور پودے بھی اُگ سکتے ہیں۔

## گھر کا کام

- بچے ''اگر درخت نہ ہوتے'' کے عنوان پر مضمون لکھ کر لائیں۔

ٹیچر بچوں سے کہیں اپنے امی ابو سے اس سلسلے میں بات کریں اور ان کے بتائے ہوئے پوائنٹ بھی لکھیں۔

## سیشن 6

30 منٹ

- بچوں سے صفحہ 5 کھلوائیں اور کسی ایک بچے سے پڑھائی کروائیں۔ ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ اکبر اور اس کے بھائی بہنوں کے وہاں پہنچتے ہی ایک ہلچل مچ گئی۔ بچوں سے پوچھیں کہ انہوں نے حسن کے گھر آ کر کیسی حرکتیں کیں۔ بچے تصویریں دیکھ کر ایک ایک جملہ بتائیں۔

اب ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ اس سے آپ کو کیا پتہ چلا؟ بچے یقیناً یہ بتائیں گے کہ بچے بدتمیز تھے۔ ٹیچر بچوں کو بدتمیز کی ضد بتائیں۔ (تمیزدار)

تمیز دار ہونے کے لئے کیا ضروری ہے۔ بورڈ پر لکھ کر بچوں کو بتائیں۔ ساتھ ساتھ پوچھتی بھی جائیں۔ مثلاً

(1) ہر ایک کی عزت کریں چاہے چھوٹا ہو یا بڑا اسے سلام کریں۔
(2) چیزیں سنبھال کر رکھیں۔
(3) اپنے آپ کو اور اپنی چیزوں کو صاف رکھیں۔
(4) وقت کے پابند ہوں۔
(5) محنت کریں اور ہر کام اچھے سے اچھا کرنے کی کوشش کریں۔
(6) ہر کام کے لئے اپنی باری کا انتظار کریں۔

بچے یہ سارے پوائنٹ اپنی کوپی میں بھی لکھیں۔

15 منٹ

- اب بچوں کو مشکل الفاظ لکھوائیں اور ان کے جملے بنوائیں۔

سلیقہ۔ کفایت۔ سایہ دار۔

## گھر کا کام

- اگر کام پورا نہ ہو سکے تو گھر سے مکمل کر کے لائیں۔

# سیشن 7

| | |
|---|---|
| 10 منٹ | • آج صفحہ 7 اور 8 بچوں سے پڑھوایا جائے۔ بچے تصویریں دیکھیں اور یہ بتائیں کہ اکبر کے کتنے بہن بھائی ہیں۔ اکبر کے بھائیوں کے کیا کیا نام ہیں۔ اس کام سے بچوں کی مشاہدہ (observation) بہتر ہوگی۔ |
| 15 منٹ | • ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ حسن کی خوشحالی کی ایک وجہ یہ ہے کہ گھر میں کم افراد ہیں۔ اس سلسلے میں چین کی ترقی کی مثال دی جا سکتی ہے جہاں ایک ماں باپ کا صرف ایک ہی بچہ ہوتا ہے۔ اگر کسی گھر میں دو بچے نظر آئیں تو اس کا مطلب ہے کہ یا تو وہ جڑواں ہیں یا بچے کا دوست۔<br>دوسری وجہ یہ کہ حسن کے گھر میں اس کے امی ابو دونوں کام کرتے ہیں۔ آج کل ایک آدمی کی آمدنی گھر کے خرچ کے لئے کافی نہیں ہے۔ اس لئے سمجھدار لوگ گھر کی ذمہ داری میں ایک دوسرے کا ہاتھ بٹاتے ہیں۔<br>تیسری بات بھی بہت اہم ہے کہ حسن کی امی سلیقہ مند ہیں اور سوچ سمجھ کر خرچ کرتی ہیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ سوچ سمجھ کر کیسے خرچ کیا جاتا ہے۔ بچوں کے جواب غور سے سنیں۔ |
| 20 منٹ | • ٹیچر بچوں سے سبق میں سے کم از کم 20 الفاظ کا املا کر وائیں۔ بعد میں ٹیچر ان الفاظ کو بورڈ پر لکھیں اور بچے آپس میں کوپیاں تبدیل کر کے ایک دوسرے کا املا چیک کریں۔ |

## گھر کا کام

• گھر کے کام کے لئے دو کالم بنوائیں۔ ایک میں حسن کا گھر دوسرے میں میرا گھر لکھوائیں اور یہ سوال لکھوائیں۔

| حسن کا گھر | میرا گھر |
|---|---|
| حسن کے ابو بینک میں چوکیدار ہیں۔ | میرے ابو ________________ |
| حسن کی امی فیکٹری میں کام کرتی ہیں۔ | میری امی ________________ |
| حسن کے دو بہنیں ہیں۔ | میرے ________________ بہنیں ہیں۔ |
| حسن کا کوئی بھائی نہیں ہے۔ | میرا ________________ بھائی ہیں۔ |
| حسن کی امی سلیقہ مند ہیں۔ | میری امی ________________ |

## سیشن 8

10 منٹ
- بچوں سے کتابیں کھلوائیں اور صفحہ 9 اور 10 پڑھوا کر پوچھیں کہ حسن کی اس بات کا مطلب کیا ہے ''ان کی تنخواہ تو میرے والدین سے بھی زیادہ ہے'' (اس کا مطلب ہے کہ اکبر کے گھر میں غیر ضروری خرچے ہیں اور بچے بھی زیادہ ہیں۔ سلیقہ بھی نہیں ہے۔ اس لئے تنخواہ زیادہ ہونے کے باوجود گزارہ نہیں ہوتا)۔

10 منٹ
- بچوں کو بتائیں کہ حسن کے امی ابو دونوں کام کرتے ہیں۔ اس کے گھر کے افراد بھی کم ہیں جبکہ اکبر کے گھر زیادہ افرد ہیں پھر بھی ایک ہی کمانے والا ہے۔ ایسی صورتحال ہونا صحیح ہے یا غلط۔ کچھ بچوں سے پوچھیں کہ آپ بڑے ہوکر اپنے گھر کو حسن کے گھر کی طرح رکھیں گے یا اکبر کے گھر کی طرح؟

25 منٹ
- اس صفحہ پر لفظ میلا کچیلا کے معنی بچوں کو بتائیں کہ کچھ الفاظ ایسے ہوتے ہیں جن میں دو الفاظ مل کر ایک ہی مطلب بیان کرتے ہیں۔ ایسے الفاظ کو مرکب الفاظ (compound words) کہتے ہیں۔ بچوں سے کچھ ایسے الفاظ بنا کر کوپی میں لکھوائیں۔ مثلاً چہل پہل، صاف ستھرا، ہرا بھرا، ننھا منا۔ بچے کلاس میں کم از کم دس ایسے الفاظ اپنی کوپی میں لکھیں۔

### گھر کا کام

- بچوں سے ان ہی الفاظ کے جملے بنوائیں۔

## سیشن 9

10 منٹ
- آج کہانی کا بقیہ حصہ سنائیے اور بعد میں بچوں سے پڑھائی کر وائیں۔ مشکل الفاظ کے مطلب بھی بتائیں۔
پہلے ان کو سلیقہ مند اور بد سلیقہ کا مطلب بتائیں۔
حسن کے گھر میں خوشحالی کی ایک وجہ یہ تھی کہ اس کی امی اور باقی گھر والے سلیقہ مند ہیں۔

20 منٹ
- ٹیچر بورڈ پر ایک (heading) سلیقہ مند لکھیں اور بچوں سے پوچھیں کہ جو باتیں ان کی نظر میں سلیقہ مندی میں آتی ہیں وہ بتائیں۔ ٹیچر بورڈ پر لکھیں بچے کوپی میں اتاریں۔ مثلاً
خود کو اور گھر کو صاف رکھنا۔

اپنے کپڑوں کو صاف رکھنا۔
کھاتے وقت کپڑوں پر دھبے نہ ڈالنا۔
چیزیں جگہ پر رکھنا۔
کچرا ڈسٹ بن میں ڈالنا۔ وغیرہ وغیرہ۔

| | | |
|---|---|---|
| 15 منٹ | • | بچوں کے گھر کے کام (جملے) کے بارے میں ان کی غلطیاں یا اچھائیاں بتائیں۔ اچھے جملے بنانے والوں کو شاباش بھی دیں۔ |

## سیشن 10

| | | |
|---|---|---|
| 15 منٹ | • | آج بچے کتاب نکالے بغیر کہانی کے بارے میں رائے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ باری باری ہاتھ اٹھا کر کہانی کی اچھائی یا ناپسندیدگی بتائیں۔ |
| 15 منٹ | • | اب بچوں کے دو گروپ بنوائیں۔ پہلا گروپ جس کو پسند آئی اور دوسرا جس کو پسند نہیں آئی۔ دونوں گروپ اس کی وجہ بورڈ پر لکھیں۔ |
| 15 منٹ | • | ٹیچر بچوں کو مشکل الفاظ کے معنی بھی لکھوائیں اور ان کا جملوں میں استعمال سکھائیں۔<br>حسین۔ بیزاری۔ میلے کچیلے۔ فارغ۔ ذہن۔ کنبہ۔ منتظر۔ |

# خوشیوں کا آنگن

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بُک گروپ، کراچی
مطبع : جے۔ ٹی ۔ ایس پرنٹرز

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 431-0641, 453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale